بسم اللہ الرحمن الرحیم


وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا ۝ (الکہف: ۴۶)

اور باقی رہنے والی اچھی باتیں اُن کا ثواب تمہارے ربّ کے یہاں بہتر اور وہ اُمید میں سب سے بھلی۔

# باقیاتِ مظہری


مفتی اعظم علامہ شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی مجددی

شاہی امام و خطیب مسجد جامع فتحپوری دہلی


مرتبہ: محمد عبد الستار طاہر نقشبندی



ادارہ مسعودیہ

۲/۶، ۵۔ای، ناظم آباد کراچی (سندھ)

اسلامی جمہوریہ پاکستان ۱۴۲۳ھ / ۲۰۰۲ء



Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا ۝ (الکہف: ۴۶)

اور باقی رہنے والی اچھی باتیں اُن کا ثواب تمہارے رب کے یہاں بہتر اور وہ اُمید میں سب سے بھلی۔

# باقیاتِ مظہری

مفتی اعظم علامہ شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی مجددی قادری چشتی سہروردی شاہی امام و خطیب مسجد جامع فتحپوری دہلی

مُرتبہ

محمد عبد الستار طاہر نقشبندی


اِدارہ مسعودیہ، ۲/۶-۵، ای، ناظم آباد، کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۲ھ / ۲۰۰۲ء



Marfat.com

حقوق طباعت بحق مصنف محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| کتاب | باقیات مظہری |
| مرتب | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد |
| نظر ثانی و تراجم فارسی | علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری |
| تبییض | محمد عبدالستار طاہر مسعودی |
| کمپوزنگ | شعیب افتخار مسعودی |
| طابع | حاجی محمد الیاس مسعودی |
| ناشر | ادارۂ مسعودیہ، کراچی |
| مطبع | شہ کار پریس، کراچی |
| سن طباعت | ۱۴۲۳ھ/۲۰۰۲ء |
| تعداد | ایک ہزار |
| قیمت | |

## ملنے کے پتے

۱۔ ادارۂ مسعودیہ، ۲/۶، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی۔

۲۔ ضیاء الاسلام پبلی کیشنز، شوگن مینشن، محمد بن قاسم روڈ، آف ایم۔اے جناح روڈ، عیدگاہ، کراچی۔

۳۔ المختار پبلی کیشنز، ۲۵۔ جاپان مینشن، ریگل، صدر، کراچی۔

۴۔ فرید بک اسٹال، ۳۸۔ اردو بازار، لاہور۔

Marfat.com



مزار شریف مفتیِ اعظم ہند حضرت شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی، نقشبندی، مجدّدی علیہ الرحمہ
(صحن مسجد جامع فتحپوری) دہلی۔ بھارت

Marfat.com

# مشمولات


۱۔ حرفِ اوّل — پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

۲۔ حصہ اوّل

(باقیات وعکس فتاویٰ مظہری)

سوال نمبر۱: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کے لیے دعا نہیں فرمائی۔ ۱۷

سوال نمبر۲: شوہر اگر اپنی بیوی کو یہ کہے کہ "اگر ڈھنگ سے نہیں چلے گی تو تجھ کو طلاق دے دوں گا۔" طلاق نہیں ہوتی۔ ۱۷

سوال نمبر۳: بکر کیلیے جائداد غیر منقولہ کے کرایہ لینے کے جواز کی ایک صورت۔ ۱۸

سوال نمبر۴: مصلحت وقت کی آڑ میں کسی تصویر یا بت کی نقاب کشائی جائز نہیں۔ ۱۹

سوال نمبر۵: جانور کے کنوئیں میں گر کر پھول پھٹ جانے کی صورت میں کنوئیں سے پانی نکالنے کا حکم۔ مفتی کفایت اللہ کے فتوے پر مفتی اعظم علیہ الرحمہ کا تعاقب...... مولانا احمد علی کی تصدیق۔ ۱۹

۳۔ حصہ دوم

(باقیاتِ مکاتیب شریفہ وغیرہ)

۵...... مکتوب شریف فقیہ الہند شاہ محمد مسعود علیہ الرحمہ بنام صاحبزادہ محمد سعید علیہ الرحمہ والد ماجد مفتی اعظم علیہ الرحمہ۔ ۲۷


Marfat.com

o......مکتوب شریف فقیہ الہند شاہ محمد مسعود علیہ الرحمہ بنام حضرت محمد حمید الدین حیدر شاہ گنوری علیہ الرحمہ خلیفہ حضرت فقیہ الہند علیہ الرحمہ ۲۷

o......مکتوب شریف مولانا احمد علی دھرم کوٹی علیہ الرحمہ خلیفہ سید امام علی شاہ علیہ الرحمہ بنام فقیہ الہند شاہ محمد مسعود علیہ الرحمہ (ترجمہ اردو حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری) ۳۰

o......وصیت نامہ علامہ عبدالمجید علیہ الرحمہ عم محترم و خلیفہ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ۔ ۳۵

o......خلافت نامہ حضرت شاہ رکن الدین الوری علیہ الرحمہ خلیفہ حضرت فقیہ الہند محمد مسعود شاہ علیہ الرحمہ بنام حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ (ترجمہ اردو حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری) ۳۷

o......مکاتیب شریفہ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ ۴۰

o......مکتوب شریف حضرت صوفی اخلاق احمد علیہ الرحمہ خلیفہ حضرت شاہ رکن الدین علیہ الرحمہ بنام حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ ۴۴

o......مکتوب شریف حضرت محمد معید الدین محمد ولی علیہ الرحمہ سجادہ نشین خانقاہ شعبیہ، تجارہ، راجستھان، بھارت ۴۷

۴۔ حصۂ سوم

(باقیاتِ قطعاتِ تاریخ وفات متفرقہ)

o......حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ (م۔۱۳۸۶ھ/۱۹۶۶ء) (نتیجۂ فکر عبدالقیوم طارق سلطان پوری) ۵۱


Marfat.com

o......حضرت علامہ مفتی محمد مظفر احمد علیہ الرحمہ (م-۱۳۹۱ھ/۱۹۷۱ء)
(نتیجۂ فکر حضرت سید شریف احمد شرافت نوشاہی) ۵۲

o......حضرت مولانا حافظ قاری محمد احمد علیہ الرحمہ (م-۱۳۹۱ھ/۱۹۷۱ء)
(نتیجۂ فکر حضرت سید شریف احمد شرافت نوشاہی) ۵۳

o......حضرت مولانا محمد منور احمد علیہ الرحمہ (م-۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء)
(نتیجۂ فکر حضرت ضیاء القادری بدایونی) ۵۴

o......حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سعید احمد علیہ الرحمہ (م-۱۴۱۶ھ/۱۹۹۵ء) ۵۶

۵- حصۂ چہارم
(یادگار اوراق متفرقہ نوشتۂ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ)

o......اوراق رسائل از علم توقیت ۵۸

o......ورق رسالہ در علم صرف ونحو ۶۹

o......سرورق رسالہ کشف الحجاب عن مسئلۃ البناء و القباب، مطبوعہ جید پریس، دہلی ۷۰

o......سرورق رسالہ قصد السبیل، مطبوعہ اعلیٰ پریس، دہلی ۷۱

o......سرورق شجرۂ طیبہ حضرت محمد حمید الدین حیدر شاہ گنوری خلیفۂ حضرت فقیہ الہند علیہ الرحمہ، مطبوعہ اردو باز:ر الیکٹرک پریس، امرتسر ۷۲


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

# حرف اوّل

## پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

حضرت والدی و استاذی و مرشدی مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ (م۔۱۳۸۶ھ/ ۱۹۶۶ء) خطیب و امام شاہی مسجد جامع فتح پوری، دہلی کی حیات طیبہ ایک کھلتا ہوا پھول ہے جس سے مشام جاں معطر ہوئے جاتے ہیں، ان کا مولی ان کی خوشبو پھیلا رہا ہے، ان کی صورت اور سیرت کا عالم یہ ہے کہ دیکھنے والے تو بن گئے، سُن سُن کر سننے والے بھی بنتے جارہے ہیں، دنیا سے جانے کے بعد بھی ان کا فیضان دیدنی، شنیدنی اور گفتنی ہے۔

حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ دہلی میں اہل سنت و جماعت کا مرجع تھے، اس وقت ماضی کے جھروکے سے چند علماء و مشائخ کی حسین صورتیں نظر آرہی ہیں، ان کے اسماء گرامی پیش کرتا ہوں تاکہ قارئین کرام کو حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی مرجعیت اور عظمت کا اندازہ ہوجائے اور تاریخ کا یہ حصہ بھی محفوظ ہوجائے۔ شاید آگے چل کر کوئی محقق اس پہلو پر کام کرسکے۔

بکثرت علماء و مشائخ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے مثلاً نور المشائخ حضرت ملا شور بازار کابلی، صدر المشائخ فضل عثمان مجددی، مولانا محمد ہاشم جان مجددی، مولانا امجد علی اعظمی، حجتہ الاسلام مولانا محمد حامد رضا خان بریلوی، علامہ

Marfat.com

سید محمد محدث کچھوچھوی، برہان ملت برہان الحق جبل پوری، ابوالبرکات مولانا سید احمد قادری، ابوالحسنات مولانا محمد احمد، صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی، تاج العلما، مولانا محمد عمر نعیمی، مولانا عبدالعلیم میرٹھی، مولانا شاہ احمد نورانی، ملک العلما مولانا محمد ظفر الدین رضوی، مولانا زین العابدین نقشبندی، مولانا محمد عارف اللہ میرٹھی، مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، مولانا معین الدین اجمیری، آغا عبداللہ جان مجددی، پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوری، مولانا عبدالمجید آروی، مفتی عبدالحفیظ آروی، مولانا عبدالسلام نیازی، مولانا عبدالسلام باندوی، مولانا عبدالسلام نقشبندی، مولانا عبدالحامد بدایونی، مولانا سید محمد محدث کچھوچھوی، مولانا عماد الدین سنبھلی، مولانا محمد اجمل سنبھلی، مولانا صبغۃ اللہ فرنگی محلی، مولانا نذیر الاسلام، پیر محمد اسحاق جان مجددی، مولانا محمد ظفر علی نعمانی، مولانا محمد شفیع اکاڑوی، سیف الاسلام مولانا منور حسین، صوفی اخلاق احمد نقشبندی، مولانا محمد حمایت علی میرٹھی، مولانا غلام جیلانی میرٹھی، مولانا رحب علی ناناپاروی، مولانا حامد جلالی، مولانا ناصر جلالی، پیر سید محمد طاہر اشرف جیلانی، مولانا عبدالحنان سرحدی، خواجہ حسن نظامی، پیر ضامن نظامی، پیر جی عبدالصمد، شاہ کرار حسین، مولانا سید طاہر حسن، مولانا محمد شفیع وارثی، محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد لائلپوری، مولانا ابوالحسن زید فاروقی، مولانا عبدالغفار دہلوی، پیر سالم جان مجددی، مولانا قطب الدین، مولانا نسیم احمد، مولانا محمد حسین فیروز آبادی وغیرہ وغیرہ۔

الغرض برصغیر کے اکثر علماء و مشائخ اہل سنت آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے، ان میں علمائے بدایوں بھی تھے، علمائے بریلی بھی تھے، علمائے مارہرہ شریف اور کچھوچھ شریف بھی تھے۔ علمائے فرنگی محل بھی تھے۔ علمائے میرٹھ اور اجمیر شریف بھی تھے۔

Marfat.com

راقم نے حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی حیات اور خدمات پر لکھنے کا آغاز ۱۹۶۰ء سے کیا۔ گزشتہ تقریباً ۴۲ سال سے یہ سلسلہ جاری ہے۔ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی متعدد سوانح اور تصانیف شائع ہوچکی ہیں۔ مولانا جاوید اقبال مظہری، جناب حاجی محمد الیاس مسعودی، ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری، الحاج محمد یونس باڑی مظہری وغیرہ نے حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ پر بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ۲۰۰۲ء میں راقم دہلی حاضر ہوا۔ جانشین مفتی اعظم علامہ ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد زید مجدہ (شاہی امام مسجد فتح پوری، دہلی) نے حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ سے متعلق بعض نوادرات عنایت فرمائے، یہ نوادرات موصوف کو کتب خانۂ مظہریہ کی کتابوں کے مطالعہ کے دوران مختلف کتابوں میں سے ملے، سوچا کہ ان نوادرات کو ''باقیات مظہری'' کے عنوان سے مرتب کرکے شائع کردیا جائے تاکہ یہ علمی ذخیرہ محفوظ رہے اور اس کے ساتھ وہ نوادرات بھی شامل کردیے جائیں جو راقم کے پاس محفوظ ہیں۔ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ نے علم الفرائض پر ایک نہایت جامع چارٹ گول دائرے کی صورت میں مرتب کیا تھا جو علم الفرائض کے تمام مسائل پر محتوی تھا۔ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ اس فن میں بڑی مہارت رکھتے تھے یہ چارٹ تلاش بسیار کے بعد نہ مل سکا۔ شاید اس کا خلاصہ ایک رسالے میں لاہور سے شائع ہوا تھا۔ بہرحال اگر یہ مل گیا تو پھر انشاء اللہ اشتہار کی صورت میں شائع کردیا جائے گا جو مفتیوں کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہوگا۔ ''باقیات مظہری'' کے آخر میں حضرت مفتی علیہ الرحمہ اور آپ کے فرزندان گرامی علیہم الرحمہ کے قطعات تاریخ وفات بھی شامل کیے جارہے ہیں جو اب تک شائع نہ ہوسکے۔ ان کے علاوہ چند قلمی و قدیم مطبوعہ رسائل کے ٹائیٹل کے عکس بھی شامل کیے جارہے ہیں اور علمی نوٹس کے عکس بھی جو حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ اپنے بیٹوں اور پوتوں کے لیے تیار فرماتے تھے۔ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کے تعلیم و تدریس کا انداز نرالا تھا، وہ

Marfat.com

تعلیم بھی دیتے تھے اور تربیت بھی فرماتے تھے اور کم سے کم وقت میں بہت کچھ پڑھا دیا کرتے، ان کے ہاں وقت کے ضیاع کا نام و نشان تک نہ تھا، وقت کی قدر کرنا راقم نے آپ سے سیکھا۔

''باقیاتِ مظہری'' کا مبیضہ جناب صوفی محمد عبدالستار مسعودی نے مرتب فرمایا اور علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری زید لطفہ نے باوجود کثرت کار اور مصروفیت کرم فرمایا اور فارسی عبارات کا ترجمہ کیا۔ برادرم محمد شعیب افتخار مسعودی نے اس کو کمپوز کیا، ڈاکٹر عدنان خورشید مسعودی اور ان کی ہمشیر گان حنا مسعودی، صبا مسعودی نے پروف ریڈنگ کی، اب ادارۂ مسعودیہ، کراچی کے جنرل سیکریٹری حاجی محمد الیاس مسعودی اس کو چھپوا رہے ہیں۔ الحمدللہ اس سارے عمل میں روحانی نسبت والے شریک رہے۔ مولائے کریم سب معاونین کو اجر عظیم عطا فرمائے اور اس خدمت کو قبول فرما کر ہمارے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین اللّٰھم آمین۔

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ
کراچی (سندھ)
(اسلامی جمہوریۂ پاکستان)

۲۶ر محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
۱۰ر اپریل ۲۰۰۲ء

Marfat.com

# حصہ اوّل

# (باقیات فتاویٰ مظہری)

Marfat.com

## فتویٰ حضرت مولانا مولوی مفتی محمد مظہر اللہ صاحب امام مسجد فتحپوری دہلی

### استفتار

کیا فرماتے ہیں علماے دین و مفتیانِ شرع متین اس بارہ میں کہ شریعت محمدیہ میں سجدہ تعظیمی کسی شخص کے لئے جائز ہے یا حرام و ممنوع ہے جواب تفصیلی مرحمت فرمایئے۔

المستفتی محمد فضل حسین دہلی

### الجواب ہو الموفق للصواب

سجدہ تعظیمی سے مراد اگر سجدہ عبادت ہے تو وہ تو کفر ہے اور اگر سجدہ تحیت مراد ہے تو وہ اگرچہ اکثر کے نزدیک کفر نہیں لیکن حرام ہونے میں اس کے بھی شبہ نہیں امم سابقہ میں سجدہ تحیت جائز تھا لیکن ہماری شریعت میں اس کو بھی ناجائز قرار فرمادیا جس پر احادیث صریحہ ناطق ہیں۔ چنانچہ ترمذی شریف میں حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوکنت امر احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأۃ ان یسجد لزوجھا۔

اور ابو داؤد شریف میں ایک طویل قصہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ مبارک یوں مروی ہے کہ فلا تفعلوا لوکنت آمر احدا ان یسجد لاحد لامرت النساء ان یسجدن لازواجھن۔

اور اس ہی حکم پر تمام صحابہ کا عمل رہا۔ حتیٰ کہ کسی صحابی سے اس کا خلاف منقول نہ ہوا۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت و اکرام و تعظیم جس قدر ہم پر فرض ہے اس کے بیان کی حاجت نہیں لیکن باوجود اس کے بھی اگرچہ سجدہ کے لئے بیقرار ہوئے مگر فرمانبرداری و امتثال امر کا وہ پاس رہا جس میں سرِ مو فرق نہ آیا اس

Marfat.com

ہی کو حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتاویٰ میں اس مسئلہ میں بعض شبہات کے جواب میں فرماتے ہیں۔ کہ اس تقریر میں اجماع قطعی سے جو سجدہ کے حرام ہونے پر واقع ہو چکا تھا غفلت کی گئی ہے اور ناسخ کے ذکر سے نقصان نسیان واقع ہوا ہے۔ انتہیٰ پھر علمائے مابعد فقہا و محدثین و مفسرین رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی تصریحات بھی اسی کی موید چنانچہ فتاویٰ حماویہ میں ہے۔ ما یفعله کثیر من الجهلة من السجود بین یدی المشائخ فان ذالک حرام قطعًا۔ انتہیٰ

اور شرح مناسک للقاری میں ہے اما السجدة فلاشک انها محرمة انتہیٰ

او تفسیر خازن میں ہے۔ ولا یسجد بعضنا لبعض لان السجود لغیر اللہ حرام

اور تفسیر مدارک میں ہے۔ وکان السجود التحیة جائزا فی ما مضی ثم نسخ بقوله علیه السلام لسلمان حین اراد ان یسجد له لا ینبغی لمخلوق ان یسجد لاحد الا للہ تعالیٰ۔ انتہیٰ

تفسیر عزیزی میں شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ہیں۔ دوم آنکہ برائے تکریم و تحیۃ باشد مانند سلام و سرخم کردن و ایں معنی باختلاف رسوم و عادات و تبدل ازمنہ متبدل مے شود گاہے جائز وگاہے حرام و در امتہائے سابقہ جائز بود چنانچہ در قصہ یوسف علیہ السلام وخرو لہ سجدا "

واتع و در شریعت ما ایں ہم مابین مخلوق حرام و ممنوع انتہیٰ ما فیہ بہرحال سجدہ تحیت کی حرمت میں اصلا کلام نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ احقر عباد اللہ محمد مظہر اللہ غفر اللہ لہ و لوالدیہ

محمد مظہر اللہ

امام مسجد فتحپوری

مولانا زاہد القادری: الفوز العظیم فی رد سجدة التعظیم مطبوعہ دہلی، ۱۳۴۱ھ، (مرسلہ مولانا بدر السلام از سلطانیہ)

Marfat.com

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین

مصلحت وقت کی آڑ لیکر کسی تصویر یا بت کی نقاب کشائی کی جاسکتی ہے

مدلل جواب مطلوب ہے بینوا وتوجروا

الجواب

تصاویر و تماثیل جسقدر نظر شرع میں مبغوض ہیں وہ کسی مسلمان پر پوشیدہ نہیں

یہی شے وہ ہے جو عبادت غیر اللہ کا ذریعہ بنی اور شرک کی بنیاد پڑی۔ اور ظاہر ہے

کہ اسکی نقاب کشائی اسکی عظمت کے اظہار کیلئے کیجاتی ہے تو کسی مصلحت

سے کیسے جائز ہو سکتی ہے جبکہ فقہا کفار کے محض کسی امر کی تحسین یا ان کی کسی [illegible]

کی تعظیم ہی پر کفر کا حکم فرماتے ہیں کما فی العالمگیری فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہ
امام مسجد جامع فتحپوری دہلی

دار الافتاء [illegible]

فتوی مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ از دھلی

Marfat.com

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مفتیان شرع متین اس مسئلے میں کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی نجد کے واسطے دعا کی ہو چونکہ نجد ملک عرب جنوب میں ہے اس مسئلہ کی حدیث شریف سے حوالہ دیکر جواب عطا فرمائیں تاکہ مسلمانوں کو رہنمائی بخشی جائے۔ فقط عبد الغفور از شیدر

الجواب


حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے نجد کے واسطے دعا نہیں فرمائی صحابہ نے وہاں کیلئے دعا کیلئے عرض کی تو فرمایا کہ وہاں تو زلزلے اور فتنے ہیں اور وہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا۔

عن ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا یا رسول اللہ وفی نجدنا فاظنہ قال فی الثالثۃ ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان رواہ البخاری فقط واللہ تعالی اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہ

فتوی مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ

Marfat.com



فتویٰ مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ

Marfat.com

سوال نمبر ۱: کیا فرماتے ہیں علمائے دین مفتیانِ شرع متین اس مسئلے میں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی نجد کے واسطے دعا کی ہو جو کہ نجد ملک جانب جنوب ہے۔ اس مسئلہ کو حدیث شریف سے حوالہ دے کر جواب عطا فرمائیں تا کہ مسلمانوں کو آگاہی بخشی جاوے۔

فقط ۔ علی اختر

الجواب:

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد کے واسطے دعا نہیں فرمائی۔ صحابہ نے وہاں کے لیے دعا کے لیے عرض کیا تو فرمایا کہ وہاں تو زلزلے اور فتنے ہیں اور وہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا۔

عن ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالو ا یا رسول اللہ! و فی نجدنا فاظنہ قال فی الثالثۃ ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان. رواہ البخاری

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہٗ

سوال نمبر ۲: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلے میں کہ مسمی وزیر احمد نے اپنی زوجہ حمیدن کو یہ الفاظ کہے:

''اگر ڈھنگ سے نہیں چلے گی تو میں تجھ کو طلاق دے دوں گا۔''

یہ الفاظ دو دفعہ کہلائیے۔ شرعاً حمیدن کے لیے کیا حکم ہے؟ اس کو طلاق ہوگئی یا نہیں؟

سائل

وزیر احمد پسر عبدالشکور اگناتھ پور

Marfat.com

الجواب:

صورت مذکورہ میں طلاق نہیں ہوئی۔

فقط

واللہ تعالیٰ اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہٗ

امام مسجد جامع فتح پوری، دہلی

سوال نمبر۳: کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ زید کی ایک جائیداد غیر منقولہ ہے جس کی آمدنی کرایہ ماہانہ تین روپے ماہوار ہے۔ زید جائیداد مذکورہ کو بکر کے ہاتھ مبلغ تین ہزار روپے بیع قطعی کرکر بیع نامہ بحق بکر رجسٹری کرا کر قبضہ بذریعہ سرخط تعدادی تیس روپے ماہوار بکر کو دیتا ہے اور بکر زید کو ایک قطعہ اقرار نامہ اس امر کا تحریر و تکمیل کر کے رجسٹری کرا دیتا ہے کہ اگر زید کے معینہ مقرر کردہ مدت کے اندر بیع کردہ جائیداد کو واپس خریدنا چاہے گا تو بکر جائیداد مذکورہ کا بیع نامہ بحق زید اسی قیمت پر تحریر و تکمیل کرکر رجسٹری کرا دے گا، تحریر کر دیتا ہے۔ اس طور پر ہر دو فریقین کے معاملہ کا شرعاً کیا حکم ہے؟ تحریر فرمایئے گا۔

فقط والسلام

الجواب:

یہ معاملہ شرعاً جائز ہے۔ پس بکر کو اس جائیداد کا کرایہ لینا روا ہے۔

فقط

واللہ تعالیٰ اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہٗ

امام مسجد جامع فتح پوری، دہلی

Marfat.com

سوال نمبر۴: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع مبین کو مصلحت وقت کی آڑ لے کر کسی سے تصویر یا بت کی نقاب کشائی کی جا سکتی ہے؟ مدلل جواب مطلوب ہے۔ بینوا وتوجروا۔

الجواب:

تصاویر وتماثیل جس قدر نظر شرع میں مبغوض ہیں وہ کسی مسلمان پر پوشیدہ نہیں۔ یہی شے وہ ہے جو عبادتِ غیر اللہ کا ذریعہ بنی اور شرک کی بنیاد پڑی اور ظاہر ہے کہ اس کی نقاب کشائی اس کی عظمت کے اظہار کے لیے کی جاتی ہے، تو کسی مصلحت سے یہ کیسے جائز ہوسکتی ہے؟ جب کہ فقہا کفار کے محض کسی امر کی تحسین یا ان کے کسی معظم دن کی تعظیم ہی پر کفر کا حکم فرماتے ہیں۔ کمافی العالمگیری

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہٗ

امام مسجد جامع فتح پوری، دہلی

سوال نمبر۵: اس استفتاء کے اصل الفاظ احقر کے پیش نظر نہیں ہیں فقط الجواب والا حصہ ہی برائے تبییض ملا۔ گمان غالب یہی ہے کہ کنویں میں کوئی جانور گر کر مر گیا اور پھول پھٹ گیا۔ اس کی شرعی حیثیت کے بارے میں استفسار کیا گیا ہے۔ طاہر

الجواب:

جن صورتوں میں کنوئیں کا تمام پانی نکالنا واجب ہوتا ہے ان میں تمام پانی نکالنے سے مراد یہ ہے کہ سارا موجود پانی نکل جائے۔ موجود سے وہ پانی مراد ہے جو بوقت وقوع نجاست تھا یا جو ابتداء وقت نزح میں تھا، اس میں اختلاف ہے لیکن بہر حال موجود پانی سے زیادہ نکالنا کسی صورت میں واجب نہیں۔

Marfat.com

پس وجوب نزح کل کے یہ معنی نہیں کہ کنواں خالی کر دیا جائے خواہ اس میں کتنا ہی پانی زیادہ ہوتا جائے۔

اب تمام موجود پانی نکل جانے کا یقین ان کنوؤں میں جو چشمہ دار نہیں ہیں، میں اس طرح ہوتا ہے کہ کنواں خالی ہو جائے جب کنواں ٹوٹ گیا تو معلوم ہوا کہ سارا موجود پانی نکل گیا۔ لیکن جو کنوئیں کہ چشمہ دار ہیں ان میں یہ بات مشکل ہے کیونکہ پانی بڑھتا جاتا ہے اس لیے ایسے کنوؤں میں فقہاء نے کئی صورتیں تجویز کی ہیں:

اوّل یہ کہ کنوئیں کے عرض اور پانی کے عمق کے موافق ایک گڑھا کھودا جائے اور اس کو کنوئیں کے پانی سے بھر دیا جائے۔ جب وہ بھر جائے تو کنواں پاک ہو گیا کیونکہ موجود پانی یقیناً نکل گیا۔

دوم یہ کہ پانی کو بانس یا رسی ڈال کر پیمائش کر لی جائے مثلاً ۸ گز رہے اور ایک خاص انداز سے ایک گھنٹہ پانی نکال کر پھر دیکھا جائے کہ کتنا کم ہوا۔ تو اگر ایک گز کم ہوا تو اسی انداز سے آٹھ گھنٹے پانی نکال دیا جائے، کنواں پاک ہو جائے گا۔

سوم یہ کہ دو شخص جو پانی میں بصیرت رکھتے ہوں ان سے یہ دریافت کیا جائے کہ اس کنوئیں میں اس وقت کتنے چرس پانی موجود ہے۔ وہ بتلائیں کہ مثلاً سو چرس پانی ہے تو سو چرس نکال دیں کنواں پاک ہو جائے گا۔

چہارم یہ کہ اس کنوئیں کے لوگوں کے قول کا اعتبار کیا جائے جب وہ کہہ دیں کہ اس کنوئیں میں جس قدر پانی تھا وہ نکل گیا تو کنواں پاک ہو جائے گا۔

اسی طرح اس بات کو معلوم کرنے کے لیے کہ موجود پانی نکل گیا یا نہیں اور بھی بعض صورتیں ذکر کی ہیں۔ بہرحال مطلب یہی ہے کہ موجود پانی کے نکل جانے کا یقین

Marfat.com

ہو جائے۔ پس صورت مسئولہ میں جبکہ کنوئیں میں ۸ گز پانی تھا اور پانچ گھنٹے میں پانچ گز پانی کم ہوگیا تو گویا فی گھنٹہ ایک گز پانی نکل گیا۔ پس ۸ گھنٹے میں ۸ گز پانی یعنی کنوئیں کا موجود پانی نکل گیا (جبکہ لاؤ اسی کیفیت و کمیت کے ساتھ چلتی رہی ہو جس طرح پہلے پانچ گھنٹوں میں چلی تھی) اور جبکہ بجائے ۸ گھنٹے کے ۲۴ گھنٹے لاؤ چلی تو کنوئیں کی پاکی میں کیا شک و شبہ رہ سکتا ہے۔ کنوئیں کا خالی کر دینا ضروری نہیں جیسا کہ شامی کبیری، بحرالرائق، ہدایہ بدائع وغیرہ تمام کتب فقہ میں مصرح ہے۔ اور نہ مٹی نکلانا پاکی کے لیے ضروری ہے۔

ینزح کل مائہا الذی کان فیہا وقت الوقوع ذکرہ ابن الکمال

در مختار قولہ کل مائہا ای دون الطین لورود الاثار ینزح الماء الخ

خلاصہ یہ کہ کنوئیں کے موجود پانی کے یقیناً نکل جانے کے بعد اس کی پاکی یقینی ہے اگرچہ دوسرے لوگ اس کے توڑ دینے کا ذمہ لیتے ہوں۔

محمد کفایت اللہ غفرلہٗ

مدرسہ امینیہ اسلامیہ، دہلی

یکم ذیقعدہ ۱۳۴۱ھ

معروضہ:

تمام فقہا مقدار ما فیہا ئے اخراج کے کافی ہونے کو اسی صورت پر مشروط فرماتے ہیں کہ جب کل کا نزح ممکن نہ ہو۔ چنانچہ ان کی عبارات اس معنی میں مصرح ہیں۔

منیہ میں ہے:

وان کانت البیر معینا یمکن نزحہا اخرجوا مقدار مکان فیہا من الماء

اور ملتقی میں ہے:

وان لم یکن نزحہا نزح قدر ما کان فیہا

اور قدوری میں ہے:

Marfat.com

وان کانت البیر معینا لاینزح ووجب نزح ما فیھا من الماء اخرجوا مقدار ما کان فیھا من الماء

شرح وقایہ میں ہے:

ینزح کل مائھا ان امکن والا فقدر مافیھا

اور درمختار میں ہے:

وان تعذر نزح کلھا لکونھا معینا فبقدر مافیھا الخ

اب رہا یہ کہ تمام پانی نکالنے سے مراد کنوئیں کا خالی کردینا ہے، یا صرف اس پانی کا نکال دینا ہے جو ابتداء نزح کے وقت موجود تھا۔ تو میرے نزدیک تو یہی ہے کہ بشرط امکان کنوئیں کا خالی ہی کردینا مراد ہے۔ چنانچہ اس پر احادیث مستولہ میں سے وہ روایت شاہد ہے جس میں یہ ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حکم فرمایا کہ بیرزمزم کا چشمہ بند کردیا جائے۔ چنانچہ بند کرکر پھر پانی نکالا گیا۔ پس اگر کنوئیں کا خالی کرنا نہ مراد ہوتا تو اس حکم کی کیا ضرورت تھی۔ نیز عباراتِ فقہاء سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ سراج نے اس مسئلہ کے استثناء پر (کہ کنوئیں کا کل پانی بعد اخراج نجاست نکالا جائے مگر جبکہ اخراج نجاست متعذر ہو) کہ یہ استثناء تو اسی صورت میں درست ہوسکتا ہے جبکہ کنواں چشمہ دار ہو کہ وہ خالی نہیں کیا جاسکتا۔ ورنہ غیر چشمہ دار میں تو نجاست لامحالہ نکلے ہی گی۔ وہاں تمام پانی کا نکالنا درست ہے۔ پس جب تمام پانی ہی نکال لیا گیا تو اب نجاست کا نکالنا کیسے متعذر رہا۔ پھر علامہ شامی اس کا جواب یوں دیتے ہیں کہ ہاں ممکن ہے کہ ایسی حالت میں بھی جبکہ نزح جمیع ماء واجب ہے اخراج کاست متعذر رہو۔ اس لیے کہ اخراج نجاست تو قبل نزح واجب ہے نہ بعد نزح اور قبل نزح تو اس صورت میں بھی ممکن ہے کہ اخراج نجاست نہ ہوسکے۔ عبارت ان کی ردالمحتار میں یوں ہے:

قولہ الا اذا تعذر الخ واعترضہ فی البحر بان ھذا انما یستقیم فیما اذا کانت البیر معینا لا تنزح و اخرج منھا المقدار المعروف اما اذا کانت

Marfat.com

**غیر معین فانہ لا بد من اخراجہا لو جوب نزح جمیع الماء اقوال یتعذر الاخراج وان کان الواجب نزح الجمیع لان الواجب الاخراج قبل النزح لا بعدہ کما علمتہ انتہیٰ مافیہ**

تو دیکھئے کہ یہاں اس بات کی طرف کیسا صاف اشارہ ہے کہ فقہاء کی اس کلام سے کہ تمام پانی نکالا جائے یہی مراد ہے کہ کنواں خالی کیا جائے اور کیونکر یہ معنی لیے جائیں گے جبکہ نزح جمیع الماء کے حقیقی معنی یہی ٹھہرے اور صارف کوئی موجود نہیں۔ بعض فقہاء اس معنی کی یہاں تک صراحت کرتے ہیں کہ یہاں کل سے مراد اس کے معنی حقیقی ہیں۔ پس جس قدر ممکن ہو کنوئیں میں پانی نہ چھوڑا جائے۔ اس لیے یہ نہ سمجھا جائے کہ خالی کروانے سے ہماری مراد مٹی کا بھی نکالنا ہے، نہیں اس کا نکالنا واجب نہیں۔ ہاں اگر کوئی تنظیفاً نکالے تو یہ دوسری بات ہے۔ چنانچہ شامی اس مضمون کو ان چند کلموں میں ادا فرماتے ہیں:

**قولہ وینزح کل مائہا ای دون الطین لورود الآثار بنزح الماء**

پھر یہ بھی ظاہر ہے کہ پانی کی آمد سے تو کوئی کنواں بھی خالی نہیں، کچھ نہ کچھ ضرور آمد رہتی ہے تو ایسی صورت میں تو تمام ہی کنوؤں کا ایک حکم ہونا چاہئے۔ اس تفصیل کے کیا معنی حالانکہ ان کنوؤں کے لیے فقہا وضاحت کے ساتھ حکم فرما رہے ہیں کہ وہ کنوئیں جب ہی پاک ہوں گے جب ان کو اس قدر خالی کر دیا جائے گا کہ اس میں سے نصف ڈول سے کم آنے لگے کہ اس کے بعد پانی کا نکالنا مستعذر ہے۔ اگر نزح کے یہ معنی نہ لیے جائیں تو فقہاء کے ان امکن فرمانے کا کیا فائدہ ہوگا اور استثناء کیا کام دے گا۔ الحاصل میری اب بھی وہی پہلی رائے ہے۔ ہاں اگر یہ کان میں نہ پڑتا کہ محض لوگ خالی کرنے کا ذمہ لیتے ہیں تو میں بھی جس طرح پہلے ایک مرتبہ مقدار مافیہا نکلوا چکا ہوں اب بھی اسی کی رائے دیتا۔

فقط

محمد مظہر اللہ غفرلہٗ

Marfat.com

تائید:

اس عاجز نے تحریر مولوی کفایت اللہ صاحب اور تحریر امام صاحب کی دیکھی، تحریر امام صاحب کی درست ہے۔ بیر غیر معین میں بھی وہ مقدار نکالنا ضروری ہے جو نجس ہے مگر بیر غیر معین میں وقت نزح جو پانی زائد ہوگیا ہے۔ وہ ماء نجس کے ساتھ ہو کر نجس ہوگیا ہے اور نزح اس کا بھی ضروری ہے چونکہ ماء قلیل نجس کثیر کے ساتھ مل گیا نجس ہوگیا۔ لہٰذا فقہاء واحناف تمام پانی کے نزح کا حکم دیتے ہیں اور مقدار ماء کی طرف توجہ نہیں کرتے اگر اور تمام پانی کا نزح ممکن نہیں تو مقدار ماء کی طرف توجہ فرماتے ہیں۔

مولوی کفایت اللہ کی تحریر سے ثابت ہے کہ بیر غیر معین میں اگر مقدار ماء نجس کی نزح ہوجائے تو کافی ہے اور یہ فقہاء احناف کے خلاف ہے۔

امام صاحب اس شخص سے طے کریں جو اول کام ماء کے نزح کا وعدہ کرتا تھا۔ اگر وہ تمام ماء کی نزح کردے تو اس کی مزدوری بقدر مناسب شرط کے طور پر ادا کردی جائے گی اور اگر وہ تمام ماء نجس کی نزح نہ کرسکے تو تدبیر سے مقدار ماء نجس نکال دی گئی ہے بلکہ زائد مقدار سے۔

احمد علی عفی عنہ


مدرسہ عالیہ مسجد فتح پوری، دہلی

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من ترک الصلوٰۃ متعمداً فقد کفر

Marfat.com



مکتوب شریف فقیہ الھند شاہ محمد مسعود رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

## حصۂ دوم

# (باقیات مکاتیب شریفہ وغیرہ)

Marfat.com

(۱)

## مکتوب شریف اعلیٰ حضرت شاہ محمد مسعود محدث دہلوی علیہ الرحمہ بنام صاحبزادہ شاہ محمد سعید دہلوی علیہ الرحمہ

عزت آثار برخوردار محمد سعید طال عمرہ

بعد استجابۂ ادعیہ کافیہ معلوم ہو کہ پہلے اس کے ایک خط مقام امرتسر سے بھیجا گیا ہے۔ یقین کہ پہنچا ہو۔ حالات اپنے سے جلد اطلاع دیویں اور کتب کو دھوپ دیتے رہیں تاکہ دیمک نہ لگے اور پارچات کو بھی آفتاب میں رکھیں اور برخوردار عبداللہ کے حالات سے اطلاع دیویں۔ باقی خیریت ہے۔

از طرف میاں نبی بخش و فرزند او فرزند میاں مولوی ہدایت اللہ صاحب سلام موصول ہو۔

العبد

محمد مسعود شاہ

(۲)


## کرامت نامہ از درگاہ والا جاہ حضرت غوث زماں، قطب دوراں ملک ولایت مفتی شہر دہلی حضرت مولانا رحیم بخش ملقب بہ شاہ محمد مسعود علیہ الرحمہ بنام میاں محمد حمید الدین حیدر شاہ علیہ الرحمہ ملقب بہ تمغۂ محبوب یزداں گنوری

Marfat.com

حیدر خان گگوری علیه الرحمه خلیفه حضرت اقدس

[illegible]

Marfat.com



مکتوب شریف مولانا احمد علی دھرم کوٹی علیہ الرحمہ بنام فقیہ الھند شاہ محمد مسعود رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

(۳)

## مکتوب شریف مولانا احمد علی دھرم کوٹی علیہ الرحمہ
(خلیفہ حضرت امام علی شاہ علیہ الرحمہ)
## بنام شاہ محمد مسعود محدث دہلوی علیہ الرحمہ

## ھواللہ القادر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ مصلیاً

آرزو دارم کہ خاک آں قدم
تو تیائے چشم سازم دمبدم
مصرع: یک نظر فرما کہ مستغنی شوم زابنائے جنس

رباعی:

گر شاہ تفقد . بگدائے بکند
وز لطف نظر بہ بے نوائے بکند
از دست گدائے بینوا نہ آید ہیچ
جز آنکہ بصدق دل دعائے بکند

ذات قدسی صفات آن مجمع فیوض سبحانی، منبع علوم روحانی، کاشف دقائق معقول و منقول، واقف حقائق فروع واصول، مقتدائے کاروانِ منازلِ تحقیق، پیشوائے رہروان

Marfat.com

مراحلِ تدقیق، مہربان سراپا لطف واحسان، فیض بخشائے عقیدت انتمایان عبودیت گر، ہدایت فرمائے عبودیت گرایان عقیدت انتما باد، کمترین فدویت گزیں، خادم احمد علی بعد ادائے آداب تسلیماتِ فرواں وکورنشات بے پایاں معروض سعادت اندوز آن حضور موفور السرور می گرداند کہ بورود نوازش نامہ فیض آمود کہ مشتمل بر اطلاع ترک کراندن شیر، برخوردار محمد سعید مرقوم قلم فیض رقم گردید بصد جبین نیاز بسجود معبود حقیقی بے بود ــــ بیت ــــ نوازش نامہ راچون برکشادم! ــــ گہے برچشم وگہ برسر نہادم! ــــ قبلہ گاہا! ــــ ویاہادیا! ــــ ویا مرشدا! ــــ در باب ترک کراندن شیر برخوردار محمد سعید انچہ ارشاد بتاکید مزید شدہ بود بدل وجان قبول کردم واز صد جان درامور مسطورہ مشغول شدم، مرشد من! ــــ ان شاء اللہ بموجب ارشاد اندرون چند روز کدام دائی باکدام بکرے مقرر خوانم کرد خاطر شریف جمع فرمایند، باقی بہمہ وجوہ خیریت است و امیدوار توجہات است کہ بایں طور بارشاد کارہائے ضروریہ سرفراز میفرمودہ باشند کہ بہبودی دارین است و آنچہ در فصل عدم فرستادن رسائل وعریضہ ہذارا شکایت از زبان فیض ترجمان آمدہ بود! ــــ اے عطا پاش خطا پوش! ــــ واے جرم بخش نذر نیوش! ــــ ذرۂ بے مقدار کہ تا ایں مدت خود را بارسال عرایض فرایاد ضمیر فیض آباد آن قبلہ مستر شدان راسخ الاعتقاد، کعبۂ مستفیضان واثق الانقیاد نداده باشد! ــــ ان شاء اللہ چنیں نشدہ خواہد بود ونخواہد شد، بل چند عریضہائے بخدمت بابرکت ارسال داشتہ ام، چہ کنم کہ بنظر فیض اثر نگذرند، ایں ہمہ از شومی اعمال خویش است، ورنہ در عنایت آں ذات قدسی صفات ہیچ شک نیست، وایں چنیں ایں فدوی بچہ طور خواہد شود کہ بایں قدر ہم در ادائے خدمت نپردازم، بسیار بدبختی و بدنصیبی ما است مگر بخدمت بابرکت حضور موفور السرور بایں چنیں تصور ہرگز ہرگز نفرمایند ودر دل نور منزل راہ ندہند، غلام زر خریدۂ از خود تصور فرمایند یک عرض دست بستہ میکنم کہ للہ و براہ خدا در حق این عبودیت

Marfat.com

کیش دو دعا بفرمایند واز حضرت قطب الاقطاب وارا صاحب ہم کفانندسہ —— وآن این است یک این ست کہ در دنیا قرض دار ومحتاج نہ شوم چگونہ کہ از قرض دار ومحتاجی طبیعت نیاز طویت بسیار بسیار پریشان مے شود کہ این بسیار سخت عذاب است و دست نگرانِ دیگران نشوم ورائے حضور! —— و دیگر این ست تا وقتیکہ ازیں دار فنا بدار البقاء سفر کنم با ایمان بروم، ایں امید از ذات ملکی صفات دارم، بس زیادہ عنایت ہرچہ شود عین غلام نوازی و بندہ پروری است فقط و از طرف عاصی کاتب ایں چندیں حروف کہ از دست خود نوشتہ است بصد آداب تسلیمات قبول باد مگر ایں بسیار شومیٔ اعمال خود است کہ از دو کلمہ خیریت آمیز سلام سنت الاسلام یادو شاد نفرمودہ است خیر فقط بیت

ہر چہ ہست از قامت ناز بے اندام ہست
ورنہ تشریف تو بر بالائے کس کوتاہ نیست

واز طرف کریم احمد صاحب و میر عبداللہ صاحب و میر خیر العلی صاحب و حسین بخش صاحب و کریم بخش صاحب و الٰہی بخش صاب و مرزا جان صاحب و یوسف خان صاحب و حافظ عبدالرشید صاحب، امام صاحب و ہر دو طفلان ما قادر علی و احمد اشرف و از اہلیۂ خود غرض از ہمہ ہوا خواہان و ارادت داران و یاد کنندگان و دوستان و عزیزان آداب و نیاز و سلام علیک قبول باد و از طرف ثابت علی خادم ایشان بعد آداب و نیاز یکے معلوم شود ایں کہ یک عریضۂ نیاز بخدمت مبارک ارسال داشتہ بودم از جوابش مسرور نساختہ است' ایں بے نصیبی ما است، امیدوار توجہات است کہ از عنایت نانجات سرفراز فرمودہ باشند

فقط

(احمد علی دھرم کوٹی)

☆

Marfat.com

ترجمہ: مکتوب شریف مولانا احمد علی دھرم کوٹی علیہ الرحمہ
(از علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی)

شعر:

آرزو دارم کہ خاکِ آں قدم
تو تیائے چشم سازم دمبدم

''میں آرزو رکھتا ہوں کہ اس پاؤں کی مٹی کو ہر وقت آنکھ کا سرمہ بناؤں۔''

مصرع: یک نظر فرما کہ مستغنی شوم زابنائے جنس

''ایک نظر فرمائیں تا کہ میں دوسرے انسانوں سے مستغنی ہو جاؤں۔''

☆

رباعی:

گر شاہ تفقد بگدائے بکند
وز لطف نظر بہ بے نوائے بکند
از دست گدائے بینوا نہ آید ہیچ
جز آنکہ بصدق دل دعائے بکند

''اگر بادشاہ ایک بھکاری کی طرف توجہ فرمائے
اور مہربانی سے بے نوا پر نظر کرے
گدائے بے نوا کے ہاتھ سے کچھ نہیں ہوتا
سوائے اس کے کہ سچے دل سے دعا کرے''

ذات قدسی صفات، مجمع فیوض سبحانی، منبع علوم روحانی، معقول ومنقول کی باریکیوں کو کھولنے والے، فروع واصول کی حقیقتوں سے واقف، تحقیق کی منزلوں کے قافلے کے راہنما، تدقیق کے مرحلوں کے پیشوا، سراپا لطف واحسان مہربان، عقیدت مند بندوں کو فیض بخشنے والے، نیازمندوں کو ہدایت فرمانے والے کمترین فدوی خادم احمد علی بہت

Marfat.com

سے سلاموں کے آداب اور بے شمار تعظیموں کے بعد حضور سراپا مسرت و شادمانی کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ فیض سے معمور نوازش نامہ موصول ہوا جو برخوردار محمد سعید کے دودھ چھڑانے کی اطلاع پر مشتمل اور آپ کے فیض رقم قلم کا تحریر کردہ تھا، معبود حقیقی کی بارگاہ میں سجدۂ شکر بجالایا۔ بیت

جب میں نے نوازش نامہ کھولا تو کبھی آنکھوں پر اور کبھی سر پر رکھا

اے قبلہ! اے ہادی و مرشد! برخوردار محمد سعید کے دودھ چھڑانے کے بارے میں آپ کا جو تاکیدی حکم تھا اسے میں نے دل و جان سے قبول کیا، اور سو جان سے تحریر کردہ امور میں مشغول ہوا۔

مرشد من! انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ارشاد کے مطابق چند دنوں میں کوئی دایہ یا کنواری لڑکی مقرر کروں گا، آپ اطمینان رکھیں، باقی ہر طرح خیریت ہے، تو جہات عالیہ کا امیدوار ہوں کہ اسی طرح ضروری کاموں کا حکم دے کر سرفراز فرماتے رہیں کہ دنیا و آخرت کی بھلائی ہے۔

آپ نے زبان فیض ترجمان سے عریضے حاضر نہ کرنے کی شکایت فرمائی ہے، اے عطیات بانٹنے والے، خطا کو ڈھانپنے والے، جرم کو بخشنے والے اور نذر کو قبول فرمانے والے! ایسا نہیں ہے کہ اس وقت تک اس ذرۂ بے مقدار نے اس رشد و ہدایت حاصل کرنے والے پختہ عقیدت مندوں کے قبلہ اور مضبوط فرماں برداری کرنے والے طالبانِ فیض کے کعبہ کی خدمت میں عریضے ارسال نہ کیے ہوں، ماضی میں اس طرح نہیں ہوا ہوگا اور انشاء اللہ العزیز آیندہ بھی نہیں ہوگا، میں نے چند عریضے خدمت بابرکت میں ارسال کیے ہیں لیکن کیا کیا جائے کہ وہ آپ کی نظرِ فیض اثر سے نہ گزرے، یہ سب میرے اعمال کی نجوست کا نتیجہ ہے، ورنہ اس قدسی صفات ذات کی عنایت میں کوئی شک نہیں ہے، یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ یہ فدوی اتنی خدمت ادا کرنے میں بھی مصروف نہ ہو؟ یہ ہماری بڑی کم بختی اور بدنصیبی ہوگی مگر حضور سراپا سرور ہرگز ہرگز ایسا تصور نہ فرمائیں، اور منزلِ نور دل

Marfat.com

میں اس خیال کو جگہ نہ دیں، مجھے اپنا زرخرید غلام تصور فرمائیں۔

دست بستہ ایک عرض کرتا ہوں کہ اللہ کے لیے اور براہ خدا کہ اس بندۂ ناچیز کے لیے دو دعائیں فرمائیں اور حضرت قطب الاقطاب دارا صاحب سے بھی دعا کروائیں، ایک تو یہ کہ دنیا میں کسی کا مقروض اور محتاج نہ ہوں۔ کیونکہ قرض اور محتاجی سے نیاز کیش کی طبیعت بے حد پریشان ہوتی ہے، یہ سخت عذاب ہے اور جناب کے علاوہ کسی کا دست نگر نہ ہوں، دوسری یہ کہ جس وقت دنیا سے آخرت کی طرف سفر کروں تو ایمان کی سلامتی کے ساتھ جاؤں، ملکوتی صفات ہستی سے یہ امید رکھتا ہوں اور بس، اس سے زیادہ جو عنایت ہوگی وہ عین غلام نوازی اور بندہ پروری ہوگی۔ فقط ان چند حروف کے لکھنے والے گنہگار کی طرف سے سو آداب کے ساتھ تسلیمات قبول ہوں، لیکن میرے اعمال کی بڑی نحوست یہ ہے کہ آپ نے خیریت آمیز دو لفظوں اور سلام سنت الاسلام کے ساتھ یاد اور شاد نہیں فرمایا، جو کچھ ہے وہ بے اندام قامتِ ناز (آپ کی روحانیت) سے ہے ورنہ آپ کی کرم فرمائی تو کسی کی بلندی سے کم نہیں ہے۔ فقط

کریم احمد صاحب، میر عبداللہ صاحب، میر خیر العلی صاحب، حسین بخش صاحب، کریم بخش صاحب، الٰہی بخش صاحب، مرزا جان صاحب، یوسف خان صاحب، حافظ عبدالرشید صاحب، امام صاحب اور ہمارے دونوں بچوں قادر علی اور احمد اشرف، میری اہلیہ، تمام محبین، معتقدین یاد کرنے والوں، دوستوں اور عزیزوں کی طرف سے آداب نیاز اور السلام علیکم قبول ہو۔ آپ کے خادم ثابت علی کی طرف سے آداب و نیاز کے بعد گزارش ہے کہ میں نے ایک عریضہ جناب کی خدمت میں ارسال کیا تھا اس کے جواب سے مسرور نہیں کیا گیا، یہ ہماری بے نصیبی ہے، توجہات کا امیدوار ہوں، نجات تک عنایت سے سرفراز فرمائیں۔ فقط

۲۷ر جون ۲۰۰۰ء (ترجمہ: محمد عبدالحکیم شرف قادری)

Marfat.com

فقیر محمد رکن الدین

بسم الله الرحمٰن الرحیم

الحمد لله الذی یشرف اولیاءه بتشریف الجذب والفناء وکرمهم بتکریم السلوک والبقاء والصلوٰة والسلام علی رسوله محمد افضل الانبیاء وعلی آله واصحابه خیر الاولیاء - اما بعد میگوید احقر العباد مسکین محمد رکن الدین نقشبندی مجددی غفر الله ذنوبه وستر عیوبه که هرگاه بداعیه الٰهی وجاذبه سرمدی اعزی اکرمی مولوی حافظ مفتی محمد مظهر الله صاحب بارک الله فی علمه وعمله بر دست حق پرست حضرات قبله کونین اعلم العلما واعرف العرفا وارث دین نبی حضرت سید شاه صادق علی صاحب سجاده نشین آن قطب یگانه غوث زمانه سند الاصفیا امام الاولیا حضرت شاه سید امام علی شاه صاحب نقشبندی مجددی ساکن مکان شریف عرف رتر چهتر نسبت ارادت وعقیدت راست کرده بیعت کردند بعد یکسال ازین بیعت آن ذات جامع الکمالات ازین جهان فانی بعالم باقی رحلت فرمودند بعد رحلت بوجه قوت رابطه از روحانیت آنحضرت مستفیض گشتند ومحنتها وریاضتها کشیدند - الحال ازین فقیر بی بضاعت که ادنی زله ربای خوان نعمت حضرات این خانواده هست عزیز گرامی قدر سلمه استدعاء اجازت نامه کردند فقیر بدل وجان استدعاء آن عزیز گرامی شان قبول کرده بعد استخاره اجازت طریقه علیه نقشبندیه که این عاجز را از حضرت سلطان الشریعت والطریقت وبرهان الحقیقت والمعرفت شیخ المشایخ حضرت مولنا مفتی رحیم بخش دهلوی الملقب بمسعود شاه نور الله مرقده خلیفه اعظم حضرت سید امام علیشاه قدس سره حاصل است عزیز موصوف الصدر را که نبیره حضرت قبله گاهی مرشدی ست داده شد - واجازت سلسله علیه قادریه وچشتیه که این حقیر را از حضرت قطب وقت خواجه ضیاء معصوم صاحب رحمة الله علیه که یکی از اولاد امجاد مشاهیر حضرت امام ربانی غوث صمدانی مجدد الف ثانی رضی الله عنه بودند حاصل هست عزیز مولوی محمد مظهر الله صاحب را اجازت این هر دو طریقه هم دادم تا بسعی تمام بر مریدان ومعتقدان تصرف وتوجه نموده بوصل وقرب خدای تعالی رسانند وازین سعی اجر عظیم واجر فخیم حاصل کنند - الله تعالی بتصدق حبیب پاک صلی الله علیه وسلم وببرکت ارواح پاک بزرگان هر سه سلاسل عزیز الوجود مولوی صاحب را از جمیع حوادثات وبلیات مصئون ومحفوظ داشته برکات وفیوضات هر سه سلاسل جاری گرداند بمنه وکرمه فقط تحریر بتاریخ بست وهشتم ربیع الثانی ۱۳۴۵ هجری

خلافت نامہ شاہ رکن الدین الوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بنام مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ

Marfat.com

(۴)

## وصیت نامہ حضرت مولانا عبدالمجید صاحب علیہ الرحمہ ا
## (عم محترم مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ)

۷۸۶

مورخہ ۲؍اکتوبر ۱۹۴۳ء

میں نے اپنی تمام کتابیں اپنے برادر زادے مولوی مظہر اللہ اور ان کے بچوں پر وقف کردیں۔ وہ ان سے فائدہ اُٹھائیں ان میں جو کتابیں دوسروں کی ہیں وہ ان کو دے دی جائیں۔ چار روپے بجلی کے تیل کے ادا کرنے ہیں۔ وہ کوشش کر کے مالک دکان تک پہنچا دیئے جائیں۔ فقط

منجانب
(دستخط) محمد عبدالمجید بقلم خود

---

ا استاد جلیل دار العلوم معینیہ عثمانیہ، اجمیر شریف (انڈیا)

Marfat.com

## (۵)

# خلافت نامہ حضرت مولانا شاہ محمد رکن الدین الوری علیہ الرحمہ بنام مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی علیہ الرحمہ

